مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)

Gachibowli, Hyderabad -500032

---

## مفوضہ کام: بی۔اے(فاصلاتی) 2018-2019

ھدایات:مفوضہ کام (Assinments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے پروگرام کالازمی جز ہیں۔مفوضہ کام کے لیے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔آپ کو ہر پرچہ کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہونگے۔(سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس' تیس نمبر رکھے گئے ہیں۔ان کا اوسط آپ کے سالانہ امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائے گا)۔مفوضہ کام میں کامیابی کے لیے جملہ 30 نمبرات میں سے بارہ(12) نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔بی۔اے (فاصلاتی) سال کے اختتام پر سالانہ امتحان ہوگا۔اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لیے 28 نمبرات حاصل کرنالازمی ہے۔مفوصہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات مندرجہ ذیل ہیں۔

طلبہ کے لیےضروری ہے کہ کن کتابوں سے یہ موادلیا گیا ہےاس کاSource یعنی حوالہ ضرور دیں اور ہر مفوضہ کام کے جوابات علحدہ علحدہ، مناسب،سفید اور فل اسکیپ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھیں۔جوابات پر سوال نمبر ضرور درج کیجیے اور ہر صفحہ پر دونوں جانب کم ازکم 4 سنٹی میٹر حاشیہ چھوڑیئے۔مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اسٹڈی سنٹر کے کوآرڈی نیٹر کے نام بذریعہ ڈاک ارسال کیجیے یا شخصی طور پر حوالے کریں۔کورڈی نیٹر سے رسید بھی لیجیے۔

اگر آپ مفوضہ تحریری کام داخل نہ کرسکیں یا کم سے کم 12 نمبرات حاصل نہ کرسکیں تو آپ کو آئندہ بیچ(Batch) کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہوگا اوراس کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم ،مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں ۔ایک مرتبہ مفوصہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافہ کے لیے دوسری بار Assignment داخل نہیں کیا جاسکتا۔

نوٹ:طلبہ کو چاہیے کہ مفوصہ کام کے کاغذات کے پہلے صفحے پر درج ذیل تفصیلات فراہم کریں اور ممتحن کی رائے کے لیے جگہ خالی رکھیں۔

نام:____________ اسٹڈی سنٹر:____________

پتہ____________ اندراج نمبر:____________

پروگرام:بی۔اے ________ تاریخ:________ دستخط:________

ممتحن کی رائے:________________________

مفوضہ کام(Assignments)داخل کرنے کی آخری تاریخ:

(1) پہلامفوضہ کام: مارچ،2019 کا آخری ہفتہ

(2) دوسرامفوضہ کام: اپریل،2019 کا تیسراہفتہ

(3) تیسرامفوضہ کام: مئی،2019 کادوسراہفتہ

مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات(Assignments) قبول نہیں کیے جائیں گے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے(B.A) سال اول 2018-2019

اردو :تاریخِ ادب اردو (دکنی دور تا ترقی پسند تحریک)

مفوضہ کام:1 (اکائی 1 تا اکائی 6)(Assignment No.1)

Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )

حصہ (الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. ہندوستان کی تہذیب کیسی ہے؟ ( )

(الف) وحدانی تہذیب (ب) لسانی تہذیب (ج) مشترکہ تہذیب (د) علاقائی تہذیب

2. 'مغربی ہندی' کیسی اصطلاح ہے؟ ( )

(الف) لسانی (ب) مذہبی (ج) سائنسی (د) تکنیکی

3. مسعود حسین خاں نے اردو کا پہلا زبان شناس کس کو قرار دیا ہے؟ ( )

(الف) ولی (ب) گریرسن (ج) میرامن (د) امیر خسرو

4. 'مقدمۂ تاریخ زبان اردو' کس کی کتاب ہے؟ ( )

(الف) محمود شیرانی (ب) مسعود حسین خاں (ج) محی الدین قادری زور (د) سلیمان ندوی

5. مغلیہ سلطنت کے زوال کے بعد دہلی کے شعرا نے کس شہر کا رخ کیا؟ ( )

(الف) حیدرآباد (ب) عظیم آباد (ج) رامپور (د) لکھنؤ

Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )

حصہ (ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)

1. جدید ہند آریائی زبانوں کا آغاز کس طرح ہوا؟

2. مسعود حسین خاں کے مطابق اردو زبان کب اور کہاں پیدا ہوئی؟

3. ہند و عرب کے درمیان ہونے والی تجارت کے راستوں پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

4. لکھنؤ میں رومانی شاعری کے فروغ کے اسباب بیان کیجیے۔

Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )

حصہ (ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)

1. اردو زبان کی ابتدا و ارتقا کے بارے میں نصیر الدین ہاشمی کے نظریے کا جائزہ لیجیے۔

2. مغربی ہندی کا مفصل تعارف پیش کیجیے۔

3. داخلی اور خارجی شاعری کی مثال کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے(B.A) سال اول 2018-2019

اردو : تاریخِ ادب اردوؔ (دکنی دور تا ترقی پسند تحریک)

مفوضہ کام:2(اکائی 7 تا اکائی 13) (Assignment No.2)

Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )

حصہ (الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. اردو کی اولین تصنیف کون سی ہے؟ ( )

(الف) سب رس (ب) نوسرہار (ج) مثنوی کدم راؤ پدم راؤ (د) ارشاد نامہ

2. خواجہ بندہ نواز گیسودراز کس صوفی کے مرید تھے؟ ( )

(الف) امیر خسرو (ب) شیخ شرف الدین یحییٰ منیری (ج) خواجہ بختیار کاکی (د) نصیرالدین محمود چراغ دہلی

3. 'واحد باری' کس کی تصنیف ہے؟ ( )

(الف) میراں جی شمس العشاق (ب) سید شاہ اشرف بیابانی (ج) سید عبداللہ حسینی (د) لطفی

4. شاہ برہان الدین جانم کی سب سے طویل نظم کون سی ہے؟ ( )

(الف) ارشاد نامہ (ب) وصیت الہادی (ج) کلمۃ الحقائق (د) حجت البقا

5. بہادر شاہ ظفر کو گرفتار کر کے کہاں بھیجا گیا تھا؟ ( )

(الف) رنگون (ب) کلکتہ (ج) رامپور (د) لکھنؤ

Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )

حصہ (ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)

1. جنوبی ہند میں اردو زبان کی آمد کے بارے میں لکھیے۔

2. شیخ شرف الدین یحییٰ منیری کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

3. نصرتی کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4. ولی کے کلام کی چند اہم خصوصیات کی نشاندہی کیجیے۔

Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )

حصہ (ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)

1. قطب شاہی دور کے شعر و ادب پر اظہار خیال کیجیے۔

2. اردو ادب کی نشوونما میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3. میر کی شاعری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے (B.A) سال اول 2019-2018

اردو : تاریخِ ادب اردو، (دکنی دور تا ترقی پسند تحریک)

مفوضہ کام:3 (اکائی 14 تا اکائی 20) (Assignment No.3)

Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )

حصہ (الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ (5x2=10)

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. 'لکھنؤ کا دبستانِ شاعری' کے مصنف کا نام کیا ہے؟ (  )

(الف) جمیل جالبی (ب) ابواللیث صدیقی (ج) سید عبدالباری (د) نورالحسن ہاشمی

2. 'کربل کتھا' میں کتنی مجلسوں کا ذکر ملتا ہے؟ (  )

(الف) پانچ (ب) بارہ (ج) دس (د) تین

3. 'نثر بے نظیر' کے مصنف کون ہیں؟ (  )

(الف) میر امن دہلوی (ب) میر شیر علی افسوس (ج) میر بہادر حسینی (د) مرزا علی لطف

4. محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟ (  )

(الف) 1875 (ب) 1886 (ج) 1869 (د) 1857

5. اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟ (  )

(الف) پریم چند (ب) مرزا ہادی رسوا (ج) عبدالحلیم شرر (د) نذیر احمد

Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )

حصہ (ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ (2x5=10)

1. انشاء اللہ خاں انشا کی شعری خصوصیات بیان کیجیے۔

2. اردو نثر میں 'نوآئینِ ہندی' کے مقام کا تعین کیجیے۔

3. اردو شاعری کو علی گڑھ تحریک نے کس طرح متاثر کیا؟

4. فیض اور مخدوم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )

حصہ (ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔ (1x10=10)

1. فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

2. سرسید کی تعلیمی و ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3. اردو ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کی وضاحت کیجیے۔